© rasailojaraid.com



# اسلام کے فلسفۂ سیاست کی بنیادیں

(۲)

از ڈاکٹر ماجد علی خاں لکچرر اسلامیات جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

## اجتماعی و سیاسی نظام (حکومت) کی ضرورت

اس طرح زکوۃ کے بارے میں کہا گیا ہے:۔

خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا (التوبہ ۱۰۴)

"آپ ان کے مالوں میں سے صدقہ لے لیجئے جس کے ذریعہ آپ ان کو پاک و صاف کردیں گے۔"

حج کے بارے میں یہ بتایا:۔

يَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ فِي أَيَّامٍ مَعْلُومَاتٍ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُمْ مِنْ بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ (الحج ۲۸)

"تاکہ وہ فائدے دیکھیں جو یہاں اُن کے لئے رکھے گئے ہیں اور چند مقررہ دنوں میں ان جانوروں پر اللہ کا نام لیں (اور ان کو ذبح کریں اس کی راہ میں) جو اس نے انکو بخشے ہیں۔"

چنانچہ اسلام کے بنیادی مقاصد میں سے ایک بڑا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کی اصلاحِ حال کی جائے۔ اُن کے درمیان عدل و انصاف کو قائم رکھا جائے۔ اور ان کو ایک صالح اور نیک زندگی گذارنے کی ہدایت کی جائے۔ اس وجہ سے ہمیں یہ تسلیم کرنا پڑیگا کہ بلاشبہ سیاستِ شرعیہ (اسلامی سیاست) ہی وہ سیاست ہے۔ جو سیاست عادلہ پر قائم ہے اور اسی وجہ سے اس میں اتنی وسعت اور لچک رکھی گئی ہے تاکہ اصلاحی مقاصد کی تکمیل ہوسکے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس لئے یہ اعتراض کہ باوجود اتنی لچک اور وسعت کے مسلم حکومتیں اور دول اسلامیہ اس سے فائدہ کیوں نہیں اٹھاتیں۔ دراصل خود مسلمانوں کے قصور و کمزوری کو ظاہر کرتا ہے اگر وہ لوگ اسلامی قوانین سے فائدہ نہ اٹھائیں تو یہ اُن قوانین کی کمی کی دلیل نہیں ہے بلکہ عمل نہ کرنے والوں کی سستی اور کم فہمی کی دلیل ہے۔ اس لئے کہ اسلام نے نہ صرف احکامات دیئے ہیں۔ بلکہ ان سے استنباط کرنے کے اصول بھی فراہم کئے ہیں جو مصالح انسانی کے اعتبار سے کامل اور اکمل ہیں اور جن پر عمل کرکے ہر مسلم حکومت ہر قسم کے قوانین عصریہ سے بے نیاز ہو سکتی ہے۔ مذاہب عالم میں صرف اسلام ہی ایک ایسا مذہب ہے جو انسان کو تعقّل اور تفکر کی دعوت دیتا ہے اور قدم قدم پر لوگوں کو اس کے لئے آمادہ کرتا ہے کہ وہ پہلے سوچیں۔ سمجھیں اور پھر مانیں۔ اگر ایسے عالی مذہب کے ماننے والے خود ہی آنکھیں بند کرلیں اور غور و فکر کرنے میں تساہل کریں تو اس میں خود ان کا قصور ہے۔

موجودہ مسلم مملکتوں کو صرف ایسی اسٹیٹ کہا جا سکتا ہے جس کی زمام حکومت مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے۔ اس حال میں جبکہ ان کا سیاست شرعیہ (اسلامی سیاست) سے کچھ واسطہ نہ ہو وہ صحیح معنی میں اسلامی حکومت ہونے کا اور اسلامی سیاسیات کو رائج کرنے کا دعویٰ کس طرح کر سکتی ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ کتاب و سنت سے بے بہرہ ہو کر اور کسی دوسرے شئے کو بنیاد بنا کر مسلمان ایک مملکت کی تعمیر کر سکتے ہیں لیکن کیا ایسی مملکت کو اسلامی مملکت کہا جا سکتا ہے؟

بحیثیت پیغمبر آخرالزماں حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک اعلیٰ درجہ کے مدبر حکومت بھی تھے۔ آپؐ نے وہ قانونی اور سیاسی کارنامے انجام دئے ہیں جو تمام عالم کے انسانوں کے لئے سراسر ہدایت ہیں۔ آپؐ کی حیثیت اس زمین میں "خلیفۃ اللہ" کی ہے جس نے وحی الٰہی کی رہنمائی میں اجتماعی زندگی کے تمام فرائض انجام دئے اور انسانی معاشرہ کی اُن تمام اُمیدوں کو پورا کیا جن میں سے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہر ایک دنیا کے لئے ایک مثال بننے والی تھی "خلیفۃ اللہ" کی حیثیت سے آپؐ کے کارنامے حیرت انگیز ہیں ۔ آپؐ کی ذاتِ اقدس سیاسی دائرہ میں بھی نئے نئے اصول قوانین، احکام، ہدایات اور اساسی تنظیمات کا سرچشمہ ہے جن کی بنیاد پر قدیم فطری تصورات ایک نئے اور متوازن نظام سے آشنا ہوئے ۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اسلامی حکومت اپنی صحیح شکل، منہاج نبوت اور سچے آثار کے ساتھ خلفاء راشدین کے دور میں ملتی ہے ۔ تاریخی واقفیت کے اعتبار سے اور صحیح اسلامی تعلیمات پر قائم ہونے کے اعتبار سے اس دور کو اسلامی حکومت کا عصر اول کہا جاتا ہے [1] اس دور میں بھی صدیق اکبرؓ ۔ اور عمر فاروقؓ کا دور ہر حیثیت سے ایک مثالی دور ہے جس کا اعتراف نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلم مفکرین بھی کرتے ہیں ایک اطالوی مفکر لاؤڈ کاؤنٹ ہنری دی کاسٹری اپنی کتاب "الاسلام" میں تحریر کرتا ہے :-

"ابو بکرؓ اور عمرؓ نے اپنے ہاتھ میں سلطنت کی زمام لیکر اس کو چار چاند لگا دئے اور سیاسی حکمت عملی کا ایک ایسا نقش پیش کر کے دکھایا جس نے ساری دنیا سے خراج تحسین حاصل کیا ۔ یہ کہنا بغیر کسی مبالغہ کے صحیح ہوگا کہ یہ دونوں مشرقی یونان کی بیزنطینی سلطنت کے جن حکمرانوں اور اعلیٰ کمانڈروں سے برسر جنگ تھے ان کے مقابلہ میں دونوں زیادہ مستقل مزاج زیادہ انصاف پسند، زیادہ بردبار اور قانع، زیادہ شریف طبع، باعظمت جری، اولعزم اور زیادہ بلند مرتبہ تھے ۔ [2]

آج کے دور میں اسلام کی سیاسی بنیادیں تلاش کرنے کے لئے اور اسلامی فلسفۂ سیاست

---

[1] دیکھئے البحری "فی الادب والدول الاسلامیۃ" [2] الاسلام ہنری دی کاسٹری ۔ ترجمہ بزبان عربی از احمد فتحی زغلول پاشا مصری صفحہ ۳۲ )



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مرتب کرنے کے لئے ہمیں ایک بار پھر دورِ محمدی علیہ الصلوٰۃ والسلام اور دورِ خلفائے راشدینؓ میں لوٹنا ہوگا۔

## سیاست شرعیہ کے بنیادی اصول

**عقیدۂ توحید** | "سیاست شرعیہ" کی بنیاد عقیدۂ توحید اور اللہ کے الٰہ (معبود حقیقی) ہونیکے تصور پر ہے یعنی انسان صرف اللہ کو اپنا معبود حقیقی (الٰہ) اور رب قرار دے اور اس کے ہی احکام کے سامنے اپنی گردن جھکائے۔ یہ ہی وہ عقیدہ ہے جس کو قرآن نے جگہ جگہ بہت ہی صاف الفاظ میں بیان کیا ہے :۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ (الاعراف ۵۴)

"بے شک تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا۔"

اسی آیت میں آگے کہا گیا ہے :۔

اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ○ (الاعراف ۱-۲)

"خبردار رہو! اسی کی خلق ہے اور اسی کے لئے "امر" ہے۔ بڑا بابرکت ہے اللہ (جو) تمام عالموں کا پروردگار ہے۔"

ایک اور جگہ ارشاد ہے :۔

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۔ (الانعام ۱-۲)

"وہی ایک تمہارا رب ہے اس کے سوا کوئی معبود حقیقی (الٰہ) نہیں (وہی) ہر چیز کا خالق ہے۔ پس تم اسی کی بندگی کرو اور وہ ہر چیز کا نگہبان ہے"

خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی کہا گیا کہ وہ اعلان فرمائیں :۔

"قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ○ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

"(آپ ان سے کہدیجئے) کہ میں تو بس خبردار کرنے والا ہوں۔ اللہ کے علاوہ کوئی معبود حقیقی (الٰہ)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ (ص:۳۸-۶۵-۶۶) نہیں وہ یکتا ہے اور سب پر غالب (وہ) پروردگار ہے آسمانوں اور زمینوں کا اور جو کچھ ان کے بیچ ہے۔ اس کا زبردست اور درگزر کرنے والا۔"

عقیدۂ توحید کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ انسان غیر اللہ کی غلامی سے نکلکر ایک اللہ کی غلامی میں آجائے وہ نفع وضرر کا پہنچانے والا صرف اسی کو جانے۔ چنانچہ جب نجاشی کے دربار میں مہاجرین حبشہ نے آداب شاہی کے مطابق بادشاہ کو سجدہ نہیں کیا تو کسی نے اعتراض کیا۔ اس کے جواب میں مہاجر مسلمانوں کے امیر حضرت جعفرؓ نے کہا "ہمارے نبیؐ نے اللہ کے سوا کسی کو سجدہ کرنے کی اجازت نہیں دی۔ درا صل یہ اس طرف اشارہ تھا کہ اللہ کے علاوہ ہم کسی کے احکام پر چلنے کو تیار نہیں۔ حضرت مغیرہؓ نے بھی رستم کے دربار میں اس کو واضح کیا اور مسلمانوں کے جہاد کا مقصد بتاتے ہوئے کہا۔ ہمارا مقصد بندوں کی غلامی سے نکالکر اللہ کی غلامی میں داخل کرنا ہے۔

عبدیت | دراصل عقیدۂ توحید انسان کے اندر ایک ایسا جذبۂ عبدیت بیدار کرتا ہے جو اُس کو دوسروں کی غلامی سے بے نیاز کر دے اور انسانوں کو حقیقی آزادی عطا کر دے۔ اس کے مطابق انسان دوسرے انسانوں کا غلام نہیں ہے بلکہ ایک ایسے الٰہ کا عبد و غلام ہے جو ساری کائنات کا خالق اور پرورش کرنے والا ہے۔ اللہ کی عبدیت انسان کو ذہنی و مادی قوتوں کی غلامی سے نجات دلاتی ہے۔ اسی کو قرآن نے ان الفاظ میں ذکر کیا ہے:-

وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ (الاعراف:-۱۵۶) "اور (یہ نبیؐ) ان پر سے وہ بوجھ اتارتا ہے جو ان پر لادے ہوئے تھے اور ان پھندوں کو کاٹتا ہے جن میں وہ کسے ہوئے تھے۔

انسان کے وہ بندھن اور بوجھ جنکا اس آیت میں ذکر ہے غیر اللہ کی غلامی ہے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ دنیوی الٰہ اور ارباب ہیں جو اس کی گردن پر مسلط ہیں اور جن سے چھٹکارا پانے کے لئے یہ بیچین ہے۔ یہ الٰہ کسی جگہ سماجی طبقات کی شکل میں ہیں۔ تو کہیں یہ قوم و وطن کے نام پر اور کہیں یہ پارٹی اور جماعت کے رنگ میں موجود ہیں۔ انہی دنیوی الٰہ کے نتیجے میں ظلم وستم کا بازار گرم ہوتا ہے۔ ایک انسان دوسرے کا دشمن بنتا ہے اور ایک جماعت دوسری جماعت سے نفرت کرتی ہے۔

ایک اللہ کی عبودیت انسان کے اندر سے خودغرضی اور تنگ نظری کو نکال کر دوسروں کے ساتھ ہمدردی، غمخواری کے جذبات اور وسعت نظری پیدا کرتی ہے۔ انسان کے دل و دماغ سے ان بندشوں کو ہٹاتی ہے جن میں وہ جکڑا ہوا ہے۔

دراصل انھیں بندگی کا اقرار انسانی فطرت کا تقاضا ہے ہر انسان کا وجدان طبعی قوانین کے سامنے اپنی بیچارگی اور بےبسی کی شہادت دیتا ہے۔ ان طبعی قوانین اور اصول وضوابط کے پس پردہ اسے ایک ایسی ذات نظر آتی ہے جس کے دست قدرت میں ان سب کی باگ ڈور ہے جو ان سب قوانین کو بنانے اور چلانے والی ہے۔ انسان اپنی اس بیچارگی کا اقرار صرف اسی طرح کرسکتا ہے کہ وہ اس بالاتر ذات کے سامنے اپنے سر کو جھکائے اور اپنی عبدیت وبندگی کا اقرار کرے۔ قلب انسانی اس وقت تک مطمئن نہیں ہوتا جب تک اس میں ایک ایسی ہستی کا تصور جلوہ گر نہ ہو جسے وہ نہ صرف اپنی ذات بلکہ کل کائنات سے بالاتر سمجھتا ہو۔ جب تک انسان اپنی فطرت پر قائم ہے۔ اس وقت تک نہ ہی "معبود" (الٰہ) کا عقیدہ اس کے دل سے نکل سکتا ہے اور نہ ہی عبدیت وبندگی کا میلان اس کے دل سے دور ہوسکتا ہے۔

خلافت ونیابت الٰہی اللہ کا بندہ اور اس کا عبد ہونے کے ساتھ ساتھ انسان اس دنیا میں اس کا خلیفہ اور نائب بھی ہے۔ یعنی اللہ کے احکامات کو اس زمین میں نافذ کرنے والا اور اس کے قوانین کے مطابق زمین کی اشیاء کو استعمال کرنے والا ہے۔ اپنا خلیفہ اور نائب ہونے کی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حیثیت سے اللہ نے اس کو کچھ قوتیں عطا کی ہیں اور کائنات میں اس کو محدود قدرتیں بھی دی ہیں جن کا مقصد یہ ہے کہ وہ ان کو اوامر الٰہیہ کی بجا آوری میں خرچ کرے :۔

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً (البقرہ: ۳۱)
"اور یاد کرو۔ جبکہ تمہارے رب نے ملائکہ سے کہا کہ میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں"

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ (الاعراف: ۱۰)
"ہم نے تمہیں زمین میں اختیارات کے ساتھ بسایا اور اس میں تمہارے لئے معاش (کے ذرائع) فراہم کئے"

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ (الحج: ۶۵)
"کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ نے جو کچھ بھی زمین میں ہے وہ (سب کا سب) تمہارے لئے مسخر کر دیا"

خلافت کے لغوی معنی "جانشین" کے ہیں اور خلیفہ اس شخص کو کہتے ہیں کہ جو کسی کی ملک میں اس کے سونپے ہوئے اختیارات کو بحیثیت نائب استعمال کرے۔ خلافت میں اختیارات تفویض کردہ (Delegatede Power) ہوتے ہیں۔ خلیفہ بذات خود اس ملک کا مالک نہیں ہوتا بلکہ مالک حقیقی کا نائب (VICEGETEUT) ہوتا ہے۔ اسو جہ سے اس کے اختیارات ذاتی نہیں ہوتے بلکہ عطا کردہ ہوتے ہیں وہ اپنی منشا اور مرضی کے مطابق کام کرنے کا حق نہیں رکھتا بلکہ اس کا مقصد مالک کی منشا اور مرضی کو سامنے رکھکر ان اختیارات کو استعمال کرنا ہوتا ہے۔

قرآن کریم صاف صاف اعلان کرتا ہے کہ اس کائنات کا مالک حقیقی اللہ ہے وہی اس کائنات اور انس وجن کا خالق ہے :۔

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ (الانعام: ۷۳)
"اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے مطابق پیدا کیا ہے"



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا (البقرۃ: ۲۹)

"وہی ہے جس نے تمہارے لئے وہ سب چیزیں پیدا کیں جو زمین میں ہیں"

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً (النساء: ۱)

"اے انسانو! ڈرو اپنے اُس رب سے جس نے تمکو ایک نفس سے پیدا کیا اور اس سے اس کا جوڑا وجود میں لایا اور ان دونوں سے کثیر تعداد میں مرد وعورت (دنیا میں) پھیلائے۔

هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللَّهِ يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ (فاطر: ۳)

"کیا اللہ کے علاوہ کوئی اور خالق ہے جو تمکو آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے"

قُلِ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (الرعد: ۱۶)

"کہو اللہ ہی سب چیزوں کا خالق ہے اور وہی یکتا سب کو مغلوب کرکے رکھنے والا ہے"

مالک حقیقی کے تفویض کردہ اختیارات کو غلط استعمال کرنا اس سے بغاوت کے مترادف ہے۔ دراصل نظریۂ خلافت کا نقطۂ آغاز اور سنگِ بنیاد عقیدۂ توحید اور میلانِ عبدیت ہے۔ حقیقی مقتدرِ اعلیٰ کو چھوڑ کر کسی فرضی مقتدرِ اعلیٰ کے آگے سر اطاعت خم کرنا ایک بہت بڑا ظلم ہے۔ دینی حکومت اور سیاست شرعیہ کا یہی وہ اصول ہے جس کی دعوت حضرت یوسف علیہ السلام نے قید خانہ میں دینے سے بھی گریز نہیں کیا۔

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُونَ خَيْرٌ أَمِ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ مَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِهِ إِلَّا أَسْمَاءً سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم مَّا أَنزَلَ اللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ (یوسف ۳۹-۴۰)

"اے جیل خانہ میں میرے ساتھیو! تم خود ہی اس پر غور کرو کہ کیا بہت سے متفرق رب بہتر ہیں یا وہ ایک اللہ جو سب پر غالب ہے! تم اسکو چھوڑ کر جنکی عبادت کرتے ہو وہ صرف چند نام ہیں جنکو تمہارے آباؤ اجداد نے رکھ لیا ہے۔ اللہ نے ان کے لئے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کوئی سند نہیں نازل کی۔

فرمانروائی کا اقتدار اللہ کے علاوہ کسی کے لئے نہیں ہے۔

# عقیدہ توحید عبدیت اور نظریہ خلافت الٰہی کے فلسفہ سیاست شرعیہ پر اثرات

**۱۔ نیابتی حکومت** اللہ کی وحدانیت کا اقرار کرنے کے بعد اور انسان کو اس کا عبد اور خلیفہ تسلیم کرنے کے بعد فلسفۂ سیاست براہ راست متاثر ہوتا ہے۔ ایسے سیاسی نظام میں جس میں اللہ کو الٰہ قرار دیا گیا ہو۔ حاکمیت (Sovereignty) و فرمانروائی صرف اللہ کی ہی تسلیم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ کوئی انسانی یا غیر انسانی طاقت بطور خود حکم دینے اور فیصلہ کرنے کی مجاز نہیں ہے۔ یہ ضرور ہے کہ انسانی زندگی کے اختیاری حصہ میں وہ اپنی اس حاکمیت اور فرمانروائی کو بزور مسلط نہیں کرتا ہے۔ بلکہ بذریعہ وحی اپنے منتخب بندوں — انبیاء و رسل — کے ذریعہ ان کو دعوت دیتا ہے۔ اللہ کی یہ دعوت مختلف زمانوں میں مختلف انبیاء اور رسل کے ذریعہ آتی رہی۔ اس سلسلہ کی سب سے آخری دعوت قرآن کریم کی شکل میں اس کے آخری نبی اور رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ دی گئی ہے۔

اس طرح اسلام میں حکومت ایک نیابتی حق ہے۔ جو خلافت الٰہی کی شکل میں اللہ اپنے بندوں کے سپرد کرتا ہے۔ قرآن میں حکومت کی اس حقیقت کو خلافت سے تعبیر کیا ہے اور علماء اسلام نے اسی حکومت کو ریاست عامہ کا نام دیا ہے [۱]

قرآن کریم میں ہے :—

وَاذْكُرُوٓا۟ إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوحٍ (الاعراف : ۶۹) "(اے قوم عاد) یاد کرو جبکہ اللہ نے تم کو قوم نوح کے بعد خلیفہ بنایا۔"

[۱] رد المحتار۔ ابن عابدین۔ باب الامامۃ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وَاذْكُرُوْا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْ بَعْدِ عَادٍ (الاعراف: ۷۴)

"(اے قوم ثمود) یاد کرو جبکہ اس نے تمھیں عاد کے بعد خلیفہ بنایا"

عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ (الاعراف: ۱۲۹)

"(اے بنی سرائیل) وہ وقت قریب ہے جبکہ تمھارا رب تمھارے دشمن کو ہلاک کرے اور زمین میں تمکو خلیفہ بنائے اور پھر دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو"

ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ (یونس: ۱۴)

"پھر ہم نے تمھیں اُن کے بعد زمین میں خلیفہ بنایا تاکہ دیکھیں تم کیسے عمل کرتے ہو"

چنانچہ جو لوگ ایمان لائیں اور اعمال صالحہ اختیار کریں یعنی اللہ کی اطاعت کریں اور اس کے آخری پیغام قرآن کریم کو قبول کریں اور آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے مطابق عمل کریں، ان سے اللہ نے زمین کی خلافت کا وعدہ کیا ہے:-

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ (النور: ۵۵)

"تم میں سے جو لوگ ایمان لائیں اور انھوں نے عمل صالح کئے اللہ نے ان سے وعدہ کیا ہے کہ وہ انھیں زمین میں خلیفہ بنائے گا جس طرح اس نے اُن سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا تھا"

باقی آئندہ

---

فہرست کتب مفت طلب فرمائیے



© rasailojaraid.com